نمبر (۲)

جلد (۱۸)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ ماہ شعبان المعظم ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	[illegible]	۱
۲	[illegible]	۲
۳	[illegible]	۳و۱۰
۴	[illegible]	۳
۵	[illegible]	۳
۶	[illegible]	۳
۷	[illegible]	۳
۸	[illegible]	۳
۹	[illegible]	۳
۱۰	[illegible]	۳
۱۱	[illegible]	[illegible]
۱۲	[illegible]	[illegible]
۱۳	[illegible]	[illegible]
۱۴	[illegible]	[illegible]
۱۵	[illegible]	[illegible]
۱۶	[illegible]	[illegible]
۱۷	[illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۲۴ دسمبر ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ ڈاکٹر غلام محمد ثقلین سب اسسٹنٹ سرجن کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ ۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء سے منظور ہے۔ بحالت تعیناتی شفاخانہ جات شہر پانچ روپیہ ماہوار الاونس کرایہ مکان بھی ملیگا۔ تعیناتی مفصلات میں یہ الاونس نہیں دیا جائیگا۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

ڈاکٹر ظہیر الدین سب اسسٹنٹ سرجن کی جگہ خالی ہے۔ اس جگہ پر ڈاکٹر غلام محمد ثقلین سب اسسٹنٹ سرجن کے تقرر کی پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ پر ۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء سے چیف میڈیکل افسر صاحب نے رپورٹ کی ہے۔ اور یہ بھی استدعا کی ہے کہ ڈاکٹر غلام محمد ثقلین جب تک شہر کے شفاخانوں میں متعین رہیں انکو پانچ روپیہ ماہوار الاونس کرایہ مکان بھی عطا فرمایا جائے۔ یہ بھی لکھتے ہیں کہ جو ہی مفصلات کے شفاخانہ میں مامور رہیں گے تو یہ الاونس انکو نہیں ملیگا

لہذا عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوداں باد

[illegible]

اضافہ

۲۰ر دسمبر ۱۹۲۸ء

بموجب گرید منظور شدہ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ حسب رپورٹ منظور ہی - کاغذات بغرض اجرای احکام واپس ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میر سامان

جناب عالی

ماسٹر ذوالفقار علی بی اے ان ٹرینڈ ٹیچر ہائی اسکول تنخواہ ... ماہوار حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول و تصدیق بخشی صاحب پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کے ۱ر دسمبر ۱۹۲۸ء سے مستحق ہین - لہذا عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہی - دولت و اقبال جاوید باد

منظوری تقسیم کام

۳ر جنوری ۱۹۲۹ء

بموجب صراحت رپورٹ صاحب ہیڈ ریونیو سکریٹری بہادر و صاحب جونیر ریونیو سکریٹری تقسیم کام کی منظوری دیجاتی ہی - البتہ سررشتہ صدر مین بعض کامون کے سرانجام کے لئے جو ایک درمیانی افسر منشی مشفع احمد سررشتہ دار صدر کو بنایا گیا ہے یہ انتظام بطور عارضی رہیگا - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل اجلاس ہمایون کے ریکارڈ مین رہے

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میر سامان

جناب عالی

حسب نشاء حکم اجلاس ہمایون رقمزدہ ۵ر دسمبر ۱۹۲۸ء سررشتہ ہا ہم مشمول تر قیمجات تقسیم کام محکمہ مال حسب ذیل قرار پایا ہی - جو بغرض ملاحظہ و صدور حکم منظوری ابلاغ بحضور ہے آئندہ اگر ضرورت محسوس ہوئی تو ترمیمی رپورٹ پیش کیجائیگی -

تفصیل کام زیر نگرانی و اختیارات سینیر ریونیو سکریٹری

سررشتہ صدر، تحصیلات مع عملہ، سررشتہ و اصلاع تعلقہ بیس صدر، عملہ سیل متعلق تحریرات ریاست، مذکور بالا محکمہ صدر، ستاجری دیہات مع شکمی دیہات متفرق محاسبہ و فیرہ، داخل خارج متاجری، تکمیل اسناد و بندوبست متاجری، وصول سینیا مالگذاری، علاقہ خام تحصیل، واپسی امانات محاسبہ، فراری آبادی، منظوری تقرر پٹہ داران، صفائی تحصیلات بموجب بکارہ، سررشتہ صدر گرانٹ، باغات تحصیلات و بکری وغیرہ، استناسب، کنہ چندان تحصیل بابو، سروس بک

داخل خارج معافیات مشروط، قطع درختان، نقشہ جات متعلق دفتر انگریزی - منہائی جمع و تشخیص دریا برد و برآمد -

نوٹ ۱۵ - لغایت ۱۸ کی کارروائی موافق حد آئندہ بیسنوری بواسطہ حاکم صاحب صدر ہوگی ... اسے اسناد تحصیلات سے مرتب ہو کر ان کی رپورٹ بغرض صدور حکم آخر بواسطہ حاکم صاحب صدر اجلاس سینیر ریونیو سکریٹری بہادر مین آئین گے - ۲۲ کا کام بہت بڑا ہے - حاکم صدر کے پاس موجودہ کام زیادہ ہی اسلئے وہان باسلوبی انجام نہ ہوگا - لہذا یہ کام منشی مشفع احمد سررشتہ دار صدر کے سپرد کیا جائے - سررشتہ صدر کے توسط سے قطع درختان کی رپورٹین بغرض صدور حکم اجلاس سینیر ریونیو سکریٹری آئینگی - ۲۲ داخل خارج اور برآمدگی خاص تعلق اندراج کاغذات دیہی و پیمائش وغیرہ سے ہے - بروے منہائی جمع اور برآمدگی تشخیص جمع کا اثر کمی بیشی مالگذاری پر پڑتا ہی اس لئے یہ قرار پایا کہ بعد تحقیقات و جانچ رقبہ وغیرہ مسل اجلاس جونیر ریونیو سکریٹری سے مکمل ہو کر اجلاس سینیر ریونیو سکریٹری مین پیش جایا کرے -

تفصیل کام زیر نگرانی و اختیارات جونیر ریونیو سکریٹری

عملہ بندوبست، عملہ پٹواریان و قانونگویان وغیرہ جو بجٹ پٹواری فنڈ سے تنخواہ پاتے ہین - جانچ کام پٹواریان و قانونگویان، مدرسہ پٹواریان، نو آبادی جنگلیان - عملہ نو آبادی جنگلیان، تشخیص خانہ گرانٹ نصب نشانات، تجویز تشخیص جاوجات، نشانات سرحدی علاوہ بجز نقشہ جات زراعتی مطلوبہ گورنمنٹ متعلق دفتر انگریزی، جائزہ ہیرہ وجات کلکٹری وغیرہ، دیہات او قاف بیرون ریاست، محافظ خانہ صدر مع عملہ، اپیل ... متعلقہ ... جانچ نقشہ جات کسر جمع رپورٹ و نقشہ جات دوسالہ، جنگلات تحت بموجب پور کورٹ آف وارڈس، علاوہ آمد اضافہ و تخفیف لگان مشخص -

نوٹ کار نمبر ۱۳ محافظ خانہ صدر کی نگرانی بزیر جانچ سررشتہ دار صاحب صدر ہوگی اور سررشتہ دار صاحب صدر کی رپورٹین براہ راست اجلاس جونیر ریونیو سکریٹری مین بغرض صدور حکم پیش ہونگی - کار نمبر ۱۵ نقشہ جات کسر جمع وغیرہ کا تعلق اندراج کاغذات دیہی سے ہے اور ان نقشہ جات سے تشخیص جمع کا کام لیا جاتا ہی جسکا تعلق دیہات مستاجری سے ہے اس لئے یہ قرار پایا کہ یہ نقشہ جات تحصیلات سے براہ راست مرتب ہو کر بغرض جانچ علاقہ متعلقہ اجلاس جونیر ریونیو سکریٹری مین آئین و اسکے بعد جانچ مکمل اجلاس سینیر ریونیو سکریٹری مین بھیجی جایا کرین -

بعض بعض ابتدائی کام محکمہ بندوبست مین ایسے تھے کہ جنمین صاحب مہتمم بندوبست کو حیثیت کلکٹری حکم آخر دینے کا اختیار حاصل تھا اور انکے احکام کا اپیل وغیرہ باضابطہ عدالتہائے متعلقہ مین ہوتا تھا - حاکم صاحبان کے یہان اپیل بحیثیت کلکٹری ہوتا ہے علاوہ ازین انکے یہان کام بھی زیادہ ہی اس لئے یہ ضرورت ہوئی کہ اس کام کی سرانجامی کیواسطے ایک درمیانی حاکم صدر مین بنایا جائے اور کچھ کام باختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ اول نمبر تحصیلدار صاحبان کیا جائے - لہذا حسب ذیل تجویز کی گئی -

الف صدر مین منشی مشفع احمد سررشتہ دار صاحب صدر کے متعلق حسبذیل جات

مفصلہ ذیل کئے جائیں۔

اپیل بحیثیت کلکٹری متعلق علاقہ جدید بموجب روبکار اجلاس ہمایوں رقمزدہ ۱۰ جنوری ۱۹۲۳ء۔
تصحیح جمعبندی و کیوٹ بٹوارہ زمینداری و معافیات داخل خارج کل معافیات غیر شرع
مقدمات زراعی داخل خارج زمینداری و معافیات علاقہ جدید تقرر نمبرداران
تقسیم معاوضہ بمشاہرہ حکم ہوم سیکریٹری کورٹ آف وارڈس کی رپورٹیں اجلاس
ہوم سیکریٹری میں بھیجکر حکم حاصل کرنا۔

نوٹ کام متذکرہ کے علاوہ ایک بڑا کام قطع درختان بھی متعلق سررشتہ ادرج ہمایوں کیا گیا ہے چونکہ ذکر اوپر ہو چکا ہے اس کام کی ترتیب و تکمیل و پیشی کیواسطے عملہ موجودہ سے ذوالجلال اور ایک محرر محمد رضا خان جو دفتر کا رہنے جو ہوم سیکریٹری سررشتہ صاحب صدر کو دئیے گئے۔ اور نئے محال جن پر آورد سے وہ تنخواہ پاتے ہیں بدستور پائینگے۔

(ب) مقدمات ابتدائی باختیارات اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول مفصلہ ذیل تفویض تحصیلداران صاحبان کئے جائیں۔ اضافہ لگان تخفیف لگان تشخیص لگان۔
استقرار لگان متعلق علاقہ قدیم و جدید نالش واپسی معافیات علاقہ جدید تقرر مقررہ داخل خارج زمینداری غیر زراعی تنازعات سرحدی و جدید تشکیل حدود ریاست۔

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سند وکالت

۱۵ دسمبر ۱۹۲۸ء

مشمولہ کاغذات درخواست منشی خلیل الدین ولد منشی جمیل الدین وکیل بابتہ عطاے سند وکالت مع حکم اجلاس ہمایوں بابتہ عطائے سند درجہ دوم مشروط بامتحان۔ نامبردہ کو آیندہ کے لئے یہ تغیر ہوگی۔

حکم

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں منشی خلیل الدین پسر مولوی جمیل الدین وکیل کو سند وکالت درجہ دوم مشروط بامتحان دیجائے۔ ایک نقل اس حکم کی درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

امیر حسین مدرس میرانپور تحصیل سوار جدید ملازم ہے۔ دو سال رخصت کا استحقاق نہیں ہے لہذا انکا استعفا منظور کیا جاتا ہے۔ محمد صدیق سابق مدرس و ہادی حسن تحصیل بلاسپور تنخواہ دار (؎) ماہوار جو رخصت پر تھا واپس آگیا ہے۔ نامبردہ میرانپور میں مامور کیا جاتا ہے۔

چونکہ محمد صدیق کی رخصت بلا منع تنخواہ تھی لہذا تاریخ کارکردگی سے تنخواہ پائیگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ دسمبر ۱۹۲۸ء

ذاکر حسین مدرس اول مدرسہ ناندیار کی رخصت ایک ماہ ۱۹ دسمبر ۱۹۲۸ء سے بعوض سید حمید النبی منشی فاضل جو انٹرنس تک انگریزی بھی جانتا ہے منظور کی گئی۔ عوض کو تاریخ کارکردگی سے بحساب (؎) ماہوار ملیگی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۳ جنوری ۱۹۲۹ء

بتہ یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری استعفا عبد العزیز خان ملازم شفاخانہ صدر شاہرہ دار بچہ

حکم

حسب صراحت یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب منظوری استعفا عبد العزیز خان کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۴ جنوری ۱۹۲۹ء

بتہ یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ تبادلہ کمپونڈران مندرجہ تحت
۱۔ پیارے لال کمپونڈر شفاخانہ سوار کا تبادلہ شفاخانہ بلاسپور کو بجائے پرشوتم سروپ کے
۲۔ پرشوتم سروپ کمپونڈر شفاخانہ بلاسپور کا تبادلہ شفاخانہ سوار کو بجائے پیارے لال کے
۳۔ پریم شنکر کمپونڈر شفاخانہ ٹکیری کا تبادلہ شفاخانہ صدر کو بجائے عبد المجید کے
۴۔ عبد المجید کمپونڈر شفاخانہ صدر کا تبادلہ شفاخانہ ٹکیری کو بجائے پریم شنکر کے

حکم

حسب صراحت یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۳ جنوری ۱۹۲۹ء

تحریر جناب ناظر صاحب مدرسہ عالیہ دربارہ اضافہ تنخواہ مدرسین ملاحظہ ہوئی۔ مولوی عبد الحکیم خان مدرس درجہ منشی سالی اول مدرسہ عالیہ کی تنخواہ موجودہ (؎) ماہوار میں (بوجہ قلت تنخواہ و حسن کارگذاری) دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۵ر جنوری ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس کے محمود شاہ خاں ولد نیاز علی خاں مڈل پاس کا تقرر بمشاہرہ تیرہ روپیہ ماہوار مدرسہ سکرو پرگنہ حضور تحصیل میں استحاناً بر اسے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو فقط

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۵ر جنوری ۱۹۲۹ء

بمنشاء رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر دربارہ منظوری اضافہ مبلغ دو روپیہ ماہوار مرزا محمد حسن محرر رجسٹری صدر حال متعینہ حضور تحصیل مشاہرہ دار تیرہ روپیہ ماہوار بوجہ قلت تنخواہ و حسن انجام دہی خدمات۔

حکم

حسب سفارش رجسٹرار صاحب صدر مبلغ دو روپیہ ماہوار مرزا محمد حسن محرر رجسٹری صدر کا اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۸ر جنوری ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس کے رام کنور مڈل پاس ساکن شاہ آباد کا تقرر بمشاہرہ تیرہ روپیہ ماہوار استحاناً برائے چھ ماہ مدرسہ تحصیل شاہ آباد میں بوجہ زیادتی کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۷ر جنوری ۱۹۲۹ء

محمد حسین مدرس مدرسہ بھٹ پورہ تحصیل بلاسپور کی میعاد ملازمت غیر مستقل جو ۳۱ر دسمبر ۱۹۲۸ء تک تھی آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک منظور ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۷ر جنوری ۱۹۲۹ء

مظفر حسن خاں مدرس مدرسہ مڈل کی درخواست استعفا ملاحظہ ہوئی۔ مظفر حسن خاں نے اس سے قبل بھی نامناسب طریقہ پر استعفا دیا تھا جس میں استدعا تھی کہ میری تنخواہ بڑھائی جائے ورنہ استعفا منظور کر لیا جائے۔ اور پھر خود ہی استعفا واپس لیا تھا۔ اب کہ امتحان کا زمانہ قریب ہے استعفا دینا نہایت نامناسب ہے۔ چونکہ مظفر حسن خاں ۵ر جنوری ۱۹۲۹ء کو استعفا دیکر مدرسہ سے چلا گیا لہذا ۵ر جنوری ۱۹۲۹ء سے استعفا منظور کیا جاتا ہے۔ اور چونکہ درجہ دوم کا ایک سیکشن توڑ دیا گیا ہے۔ لہذا بالفعل مزید تقرر کی ضرورت نہیں ہے۔ ایام رخصت رام گھنشیال میں اوس کے عوض سے اور پھر رام گھنشیال سے کام لیا جا سکتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

رخصت

۱۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

بمنشاء رپورٹ سپرنٹنڈنگ انجینیر صاحب خاص باغ دربارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ منشی نام علی اہلمد سب ڈویژن تعمیرات خاص باغ از ۲۷ر دسمبر ۱۹۲۸ء بوجہ بیماری مقدمات تفویض کا قائمقام منشی عبد الرشید اہلمد اجلاس دے کے نصف تنخواہ رخصتی کو و نصف عبد الرشید مذکور کو۔

حکم

سائل کو متواتر چار ماہ رخصت مل چکی ہے لہذا دو ماہ کی مزید رخصت بوضع تنخواہ منظور کی جاتی ہے۔ اس زمانہ رخصت میں منشی عبد الغنی خاں کلرک موجودہ اجلاس ہذا رخصتی کا کام انجام دیگا۔ بغرض اجرا احکام مرسل سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

۱۲ر دسمبر ۱۹۲۸ء

بمنشاء رپورٹ صاحب میونسپل افسر دربارہ اضافہ تنخواہ غنیمت اللہ خاں اسکاوٹ جونگی

حسب سفارش صاحب میونسپل افسر تنخواہ موجودہ غنیمت اللہ خاں جمعدار میں مبلغ ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

کاغذات بغرض اجرا سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ اول ماہ جنوری ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	[illegible]	[illegible]				دیگر تحصیلات سے نرخ نہیں آئے
نخود خالص	۰	[illegible]	[illegible]				
نخود گستہ آمیز	[illegible]	-	[illegible]				
کنہ	[illegible]	۰	[illegible]				
ماش	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
مونگ	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
مکا	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
جئی	[illegible]	۰	۰				
گوجئی	[illegible]	۰	۰				
عدس	[illegible]	[illegible]	۰				
ارہر	[illegible]	۰	۰				
برنج	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
روغن زرد	[illegible]	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک				
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
روغن کنجد	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
نمک سانبھر	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
نمک لاہوری	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]				
باجرہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]				